Volume IV
No. 43

SP. IV-43-76 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN DEBATES

## OFFICIAL REPORT

Thursday, May 13, 1976

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... | 187 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the system of Sardari (Abolition) Bill, 1976—*Read out* ... | 190 |
| Message from the National Assambly *Re*: Adoption of the Code of Criminal Procedure (Amendmnt) Bill, 1976—*Read out* ... | 190 |
| Message from the National Assembly *Re*: Adoption of Abandoned Properties (Taking over and Management) Bill, 1976—*Read out* | 190 |
| The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976 ... ... | 191 |
| Point of order *Re* : Members right to Speak in the third reading —*Ruled out* ... ... ... ... ... | 211 |
| The Sestem of Sardari (Abolition) Bill, 1976 ... ... | 215 |

PRINTED AT THE CARAVAN PRESS, DARBAR MARKET, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

*Price Paisa*: 50

## SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

**Thursday, May 13, 1976**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past nine of the clock in the morning. Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

### STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** We take up questions. The first question is 126. Maulana Sahib, it is in your name.

#### VEHICLES PURCHASED BY PAKISTAN STEEL MILLS CORPORATION

126. ***Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the total number of vehicles of different categories purchased by the Pakistan Steel Mills Corporation, Karachi, to-date ; and

(b) the total monthly expenditure on petrol used by the vehicles of the Corporation ?

**Mr. Rafi M. Raza** (Minister for Production) : (a) The total number of vehicles owned by the Steel Mills Corporation is 360 including 43 buses, 15 trucks, 11 water tankers, 109 jeeps, 33 pickups, 71 Vans, 46 Cars, 1 Ambulance and 31 Motor Cycles.

(b) The average monthly expenditure on fuel consumption of the above vehicles during the period October, 1975 to March, 1976 has been Rs. 2,18,338.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : کیا محترم وزیر صاحب یہ ارشاد فرمائیں گے کہ یہ تمام گاڑیاں جن کا تذکرہ اس میں کیا گیا ہے - ان کے ایکسپیڈیچر میں کوئی کمی کی جا سکتی ہے ضرورت سے زیادہ ہیں ؟

**Mr. Rafi Raza :** Sir, we are doing our best to ensure that there is no misuse of these cars. In fact all the cars and jeeps have now got the name 'PASMIC' written across them so that they are noticed if they are used or misused anywhere else in Karachi. But please keep in mind that these cars and jeeps are also to be used by the Soviet experts. Apart from that, the area of the Steel Mills to be covered is seventeen thousand acres and the Steel Mills is about 40 miles out of Karachi. There is no transportation coming from Karachi. We are making arrangements with the Railways to extend the line. But till all this is done we are taking maximum precaution to ensure that there is no waste.

**Mr. Chairman :** Next, Ch. Mohammad Aslam.

INTEGRATED RURAL DEVELOPMENT PROJECT 'MONG' GUJRAT

127. ***Ch. Mohammad Aslam** (Put by Malik Mohammad Sharif): Will the Minister for Social Welfare, Local Covernment and Rural Development be pleased to state :

(a) When Integrated Rural Development Project, "Mong" (Distt Gujrat) was sanctioned and established ;

(b) its objects and functions ;

(c) the measures taken by the Government so far to make this project function in a proper manner ;

(d) the concrete achievements of this project so far ; and

(e) whether Government intend to equip it with the required buildings, machinery, staff and funds ; if so, when ?

**Malik Miraj Khalid** (Read by Malik Mohammad Akhtar, Minister for Law and Parliamentary Affairs) : The Integrated Rural Development Markaz "Mong" (District Gujrat) is the project of the Punjab Government. The Federal Government is not responsible for its implementation. The question may please be put in the appropriate forum, *i.e.* the Provincial Assembly.

**Mr. Chairman :** All right. Next, Maulana Sahib, it is yours.

EXPENDITURE ON EMPLOYEES OF PAKISTAN STEEL MILLS CORPORATION

128. ***Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Will the Minister for Production be pleased to state :

(a) the total number of employees of the Pakistan Steel Mills Corporation, Karachi, including those sent abroad for training ;

(b) the total amount being spent per month on the salaries of the employees of the Corporation ; and

(c) the total number of employees under various grades in the Corporation with their places of domicile ?

**Mr. M. Rafi Raza** (Minister for Production) : (a) 4,214, including those on training abroad.

(b) About Rupees twenty-seven lakhs in April, 1967.

(c) A statement is placed on the Table of the House.

STATEMENT PLACED ON THE TABLE OF THE HOUSE

| | | Officer | Staff | Total |
|---|---|---|---|---|
| Punjab | ... | 232 | 584 | 816 |
| Sind Urban | ... | 262 | 1,918 | 2,180 |
| Sind Rural | ... | 98 | 595 | 693 |
| N.W.F.P. | ... | 57 | 262 | 319 |
| Baluchistan | ... | 15 | 106 | 121 |
| Azad Kashmir | ... | 2 | 70 | 72 |
| Tribal Area | ... | 3 | 10 | 13 |
| | Total | 669 | 3,545 | 4,214 |

**Mr. Chairman :** Next, question No. 129.

STRENGTH OF EMPLOYEES OF STEEL MILLS CORPORATION

129. ***Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Will the Minister for Production be pleased to state the expected total strength of employees of the Steel Mills Corporation when the mill goes into production ?

**Mr. M. Rafi Raza** (Minister for Production) : About fifteen thousand.

**Mr. Chairman :** It is very simple. No supplementary ?

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** No, Sir.

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE SYSTEM OF SARDARI (ABOLITION) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** Now, there is a message from the Secretary, National Assembly. It reads ;

> "In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the System of Sardari (Abolition) Bill, 1976 on the 12th May. A copy of the Bill is transmitted herewith."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE CODE OF CRIMINAL PROCEDURE (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** There is also another similar message from the same Secretariat. It reads :

> "In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 1976 on the 12th May. A copy of the Bill is transmitted herewith".

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *RE* : ADOPTION OF THE ABANDONED PROPERTIES (TAKING OVER AND MANAGEMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** There is yet a third message. It reads :

> "In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Abandoned Properties (Taking Over and Management) Bill, 1976 on the 12th May. A copy of the Bill is transmitted herewith".

These were the three messages. Now, we take up legislative business.

## THE SYSTEM OF SARDARI (ABOLITION) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** This is only one Bill.

**Malik Mohammad Akhtar** (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : There is only one Bill and on my request it was agreed by Khawaja Sahib that we will clear this Bill today.

**Mr. Chairman :** Maulana Sahib is shaking his head.

ملک محمد اختر (وزیر قانون و پارلیمانی امور) : ٹھیک ہے جی مولانا صاحب بڑی لمبی تقریر فرمالیں ۔

Sir, I move the motion and a debate may take place on it.

I beg to move :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Mr. Chairman :** The motion made is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sradari (Abolition) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Opposed. Sir, I beg to move :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], be referred to the Standing Committee concerned."

**Mr. Chairman :** The motion is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], be referred to the Standing Committee concerned."

**Malik Mohammad Akhtar :** It is opposed, Sir, and it was agreed, and Khawaja Sahib very kindly agreed that we will be taking up the matter. It can be debated as long as they desire. I request him not to press the motion. It is a request.

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب والا ! اس بل کا میسیج ابھی آپ نے اس ایوان میں پڑھا ہے رات کو یہ نیشنل اسمبلی میں پاس ہوا ہے اور اس کا میسیج آپ نے ابھی پڑھا ہے تو اتنی مختصر سی مدت کا ہمیں نوٹس دیا جا رہا ہے کہ اس پر بحث بھی کی جائے اور اس کو پاس بھی کر دیا جائے - میں آپ کی توجہ رول آف پروسیجر - - -

جناب چیئرمین : وہ کہنے کی ضرورت نہیں مجھے پتہ ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ۱۰۴ کی طرف مبذول کراتا ہوں -

> "On the day on which the motion for consideretion is set down in the Orders of the Day which shall, unless the Chairman otherwise direct, be not less than two days from the receipt of the notice."

میرا عرض کرنے کا مطلب یہ تھا کہ دو دن کا وقفہ کم از کم دیا جاتا ہے - جناب والا ! دوسری بات یہ ہے کہ اس ایوان کی یہ مشہور روایت ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ نے اس روایت کو برقرار رکھنے میں ہمیشہ خصوصی توجہ مبذول فرمائی ہے کہ روایت برقرار رہے اور یہاں جو بھی بل آتا ہے اس کو اسٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کیا جاتا ہے - پھر وہ یہاں آنے کے بعد زیر بحث آتا ہے اور ممبران کو پوری طرح اس بات کا موقع دیا جاتا ہے کہ وہ اس بل کی نوک پلک پر غور کر لیں اور جو مباحث اس سلسلے میں انہوں نے کرنے ہیں وہ تیار کرلیں - اس کے بعد اس کو زیر بحث لایا جاتا ہے - میرا مطلب یہ ہے کہ اس روایت کو اب بھی برقرار رکھنا ہے اور جیسا کہ میں نے پہلے بنیادی طور پر عرض کیا کہ یہ بہت بڑی زیادتی ہے کہ کسی بل کا میسیج آج ہی پڑھا جائے اور آج ہی اسے پاس کیا جائے کہ آج ہی اس پر غور کر لو جو سوچنا ہے فوراً سوچ لو اس کے بعد اس کو پاس کر دیں -

یہ میری معروضات تھیں اور میں سمجھتا ہوں کہ آپ ان پر غور فرمائیں گے -

**Mr. Chairman :** I was given to understand that there was an agreement between the Opposition and the Law Ministar that it would be taken up today. I do not know how far this information is correct. It was in view of this that I relaxed the requirements of rule 104. The question whether it should be debated and discussed just now, or it should be referred to the Standing Committee, is between you and the Law Minister. If you agree, I have no objection. If you do not agree, you can put forward your views, he can put forward his views. I have no objection to the Bill being entrusted to the Standing Committee concerned.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی** : جناب والا ! محترم وزیر قانون نے جس گفتگو کا حوالہ دیا ہے وہ میرے علم میں نہیں ہے - خواجہ صاحب سے آج صبح ساڑھے آٹھ بجے میری ملاقات ہوئی تھی لیکن انہوں نے اس قسم کا کوئی تذکرہ نہیں فرمایا کہ انہوں نے وزیر قانون کو کسی قسم کی یقین دہانی کرائی ہے -

**جناب چیئرمین** : یہ تو کوئسچن آف فیکٹ ہے ، کوئسچن آف رول تو نہیں ہے -

The matter is very simple—'unless the Chairman otherwise directs'.

مولانا صاحب اب میں کیا کروں مجھے بتائیے میں نے تو عرض کر دیا ہے کہ اگر آپ ایگری کریں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے -

I agreed to the relaxation of the requirements of the rule on the understanding that probably there would be no opposition to this motion being considered. Now, the question is that he has moved an amendment that the Bill be referred to the Standing Committee.

**مولانا احمد شاہ نورانی صدیقی** : میں ایوان کی روایت برقرار رکھنا چاہتا ہوں کہ اسے اسٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کیا جائے - میرا مطالبہ یہ ہے کہ یہ کتنی بڑی بے انصافی ہے کہ ایک بل کا آج ہی میسج پڑھا اور آج ہی کہا جائے کہ اس بل کو پاس کیا جائے -

**Malik Mohammad Akhtar** : I have opposed, Sir. If he wants to test his strength, he can put it to the House. I am going to oppose it in any case.

**جناب چیئرمین** : اب تو ایوان نے فیصلہ کرنا ہے وہ نہیں مانتے -

Now, it is up to the House.

**Malik Mohammad Akhtar** : I have opposed the motion.

The question may be put before the House.

**Mr. Chairman** : All right.

Now, the question before the House is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

Those in favour......

**Malik Mohammad Akhtar :** No, Sir. His motion.

جناب چیئرمین : مولانا صاحب مجھ سے غلطی ہو گئی بجائے آپ کی امنڈمنٹ پٹ کرنے کے کوئسچن پٹ کر دیا سہواً قصداً نہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ہو جاتی ہے -

جناب چیئرمین : آپ سے بھی ہو سکتی ہے ، ہو جاتی ہے -

I am really sorry. I apologise to the House. Now, I will put the amendment moved by Maulana Shah Ahmad Noorani.

The question before the House is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], be referred to the Standing Committee concerned."

(*The motion was negatived*)

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب چیئرمین ! میں اس روایت کو بر قرار رکھنا چاہتا ہوں اور اس سلسلے میں احتجاج کرتا ہوں اور واک آؤٹ کرتا ہوں کیونکہ اس روایت کو بر قرار نہیں رکھا گیا اس لیے میں واک آؤٹ کرتا ہوں -

(اس مرحلے پر اپوزیشن واک آؤٹ کر گئی)

**Mr. Chairman :** Now the motion is lost. Do you like to say something in support of the motion ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, we are proud of the fact that we have brought such a fine measure to abolish not only the asrdari system but slavery in Baluchistan.

Sir, I consider that in 1970 we made certain promises that there will be no exploitation of man by man. We are proud to declare that Quaid-e-Awam has taken this extraordinary and abnormal and a great measure of abolishing sardari system. These Sardars were the stooges of the foreign rulers. They were given charge over certain territory, and they were the uncrowned kings of those territories and exercised judiciary powers. They would maintain their respective armies and, Sir, they were the biggest hinderance in socio-economic development.

Sir, not only the present measure is being extended to Baluchistan, but it will be extended to the whole of Pakistan. May I give an instance. In one case only. About 67,800 acres of land was owned by Taman Bhugti which was given as Dastarbandi of a certain Sardar and in the ownership column of revenue records the ownership is shown of the tribe. This land was owned by one Sardar, and that land is going to be resumed.

Then, Sir, in certain cases ranging from 1/3rd to 1/5th of the total produce was taken by these Sardars and, Sir, I am happy to announce that the present regime has done away with all that exploitation and tyranny, and I request my friends that they ean express their views, and we may pass the Bill.

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, Malik Mohammad Sharif was the first to stand, and I give floor to him.

**ملک محمد شریف :** جناب چیئرمین صاحب ! ابھی ابھی اس معزز ایوان میں یہ سرداری نظام کے خاتمے کا جو بل محترم ملک محمد اختر صاحب نے پیش کیا ہے، میں تہہ دل سے اس کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی تاریخ میں یہ ایسا کارنامہ ہے جو کہ اس برصغیر میں پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد ایک دوسرا کارنامہ ہے -

یہ نظام جو صدیوں پرانا اس ملک کے اندر رائج تھا اور وہ چند ایک سردار جو کہ اپنی من مانی کرتے تھے اور وہاں عوام کو انہوں نے صرف یہ سمجھ رکھا تھا کہ یہ ہمارے دائمی غلام ہیں اور ہم ان کے آقا ہیں - تو میں ان کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ یہ نظام ختم ہونے کے بعد یہ بہت بڑا کارنامہ اور ایک بہت بڑی حقیقت اس ملک کے اندر وجود میں آئی ہے - جس سے ہم یہ سمجھ سکتے ہیں کہ اب اس دور میں اور اس حکومت میں ہم نے اس پاکستان کو مکمل پاکستان بنا لیا ہے - میں یہ سمجھتا ہوں کہ بلوچستان میں ہماری یہ لڑائی صرف سرداروں کے ساتھ ہی نہیں تھی بلکہ یہ لڑائی ان بڑی طاقتوں کے ساتھ تھی جو طاقتیں اس سر زمین کو اپنا ایک سیاسی اکھاڑہ بنانے کی کوشش کر رہی تھیں اور ان کی نظریں اس سر زمین کی طرف تھیں جس کے اندر معدنیات ہے ، جس کا سمندر گرم پانی کے لیے دنیا میں مشہور ہے - اس لیے ان لوگوں کے جو سیاسی مقاصد تھے وہ خدا کے فضل سے ہماری اپنی حکومت نے ہمیشہ کے لیے ختم کر دیے ہیں - تو یہ سردادی نظام کے خاتمے کا کارنامہ کوئی معمولی کارنامہ نہیں تھا - اس کے متعلق موجودہ حکومت نے متواتر چار سال سے جدو جہد کی ہے اور اگر اسے غور سے دیکھا جائے تو یہ اتنا آسان کام نہیں کیا ، لیکن میں اپنے قائد اور اپنی پارٹی کے چیئرمین کو مبارکباد دیتا ہوں کہ جس نے اپنے منشور میں یہ وعدہ کیا تھا کہ میں ہر جگہ غریب عوام کے حقوق کی حفاظت کروں گا اور اس نے اس چار سال کے عرصہ کی جدو جہد سے - لوگوں کو ان سرداروں سے نجات دلائی جیسا کہ انہوں نے اپنے منشور میں وعدہ فرمایا تھا - لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کارنامہ پاکستان کی تاریخ میں ایک نہایت عظیم کارنامہ ہے -

ہمیں امید ہے کہ اب وہاں کے عوام آزادانہ زندگی بسر کریں گے اور اس

[Malik Mohammad Shaif]

پاک وطن کی خوشحالی میں اور ترقی کرنے میں ان کا جو کردار ہوگا وہ عیاں ہوگا۔

جناب والا ! میں آخر میں اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس کا اثر اس ملک پر بہت جلد اچھا ہوگا۔ شکریہ !

**Mr. Chairman :** Yes, Miss Asfa Farooqi.

مس آصفہ فاروقی : جناب چیئرمین ! آج کا سرداری نظام کے خاتمے کا بل موجودہ حکومت کا ایک اصلاحی، جرأتمندانہ، تاریخی اور انقلابی قدم ہے۔ اس سے پہلے اس ملک میں جتنی بھی حکومتیں رہیں جتنے ڈکٹیٹر رہے جو کہ اپنے آپ کو اس دور کا سب سے زیادہ طاقتور حکمران سمجھتے تھے، وہ بھی اس سرداری نظام کی طرف آنکھیں اٹھا کر نہ دیکھ سکے۔ یہ زمانہ جاہلیت اور جنگل کا قانون تھا جسے انگریزی سامراج اپنی سلطنت کو بحرہ عرب تک پھیلانے کے لیے اپنا معاون سمجھتا تھا۔ اس نظام کی سامراج پرورش کر رہا تھا۔ اس سرداری نظام کی حفاظت اس ملک کا سردار اور جاگیر دار کر رہا تھا۔ عوامی حکومت کے بر سر اقتدار آتے ہی جہاں اور صوبوں کی ترقی اور فلاح و بہبود کے لیے جناب قائد ایوان نے انتظامات کیے وہاں انہوں نے اس سرداری نظام کو ختم کرنا بھی اپنا فرض اولیں سمجھا جو کہ ایک قابل فخر کارنامہ ہے۔ یہ پاکستان پیپلز پارٹی اور جناب وزیر اعظم پاکستان عوام کے ووٹوں سے بر سر اقتدار آئے اور یہ شرف انہیں حاصل ہوا۔

جناب چیئرمین ! ہم نے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو آزادی حاصل کی۔ مگر وہ جگہ مثلاً بلوچستان اور دوسرے علاقے جہاں پر سردار لوگ بیٹھے تھے اور وہاں سرداری نظام تھا اور ان کو ابھی تک آزادی کا ثمر نہیں ملا تھا۔ آزادی کا ثمر بلوچستان کے عوام کو اس وقت ملا جس وقت سرداری نظام کو ختم کیا گیا۔

جناب چیئرمین ! جو بھی لوگ اس ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے، جو بھی لوگ اس ملک کو ختم کرنا چاہتے تھے اور جو بھی لوگ اس ملک کے قیام کی مخالفت کرتے تھے وہ سرداروں کی شکل میں بیٹھے تھے۔ جناب والا ! سرداری جیلیں قتل انسانیت کے لیے بنائی گئی تھیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ وہ انسانیت کے قتل سے زیادہ اور کچھ چیز نہیں تھی۔ ان سب چیزوں کو اس قانون کے ذریعے ختم کیا گیا ہے۔ اب کوئی سردار کوئی شخص اپنی پرائیویٹ جیل نہیں بنا سکے گا اور نہ ہی کسی شخص سے بیگار لے سکے گا جس سے اس کے حق کو یعنی جو کہ اس کی ان چیزوں میں شامل نہ ہو اور جو ایک شخص کی آزادی کو ختم کرنے کے مترادف ہو۔

میں امید کرتی ہوں کہ اب بلوچستان کے ہمارے بھائی اپنے دوسرے پنجابی، سندھی اور سرحدی بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ اس استحصال کو ختم کرنے کے لیے جناب قائد عوام کی زیر قیادت مل کر کام کریں گے -

جناب والا ! ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتی ہوں شکریہ !

**Mr. Chairman :** Thank you, yes, Qazi Faizul Haque.

**قاضی فیض الحق :** جناب والا ! بلوچستان سرداری نظام کی زد پر اور بلوچستان میں سرداری نظام کی گرفت اس قدر مضبوط تھی کہ میرے خیال میں ملک کے باقی حصوں میں اس سے کم تھی -

جناب والا ! اگر بلوچستان کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو یہ صاف معلوم ہوگا کہ بلوچستان میں سرداری نظام صدیوں سے رائج رہا - انگریزی دور میں انگریزوں نے اپنی مطلب پرستی کے لیے بلوچستان کے غیور باشندوں کو غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کیا - انہوں نے سرداری کے ذریعے اپنے کچھ فیوڈل لارڈ رکھے تھے اور بلوچستان پر حکومت کرتے تھے - جیسا کہ قومی اسمبلی میں بھی ہمارے قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے اپنی حقیقت افروز تقریر میں بلوچستان کے حالات پر روشنی ڈالی اور اس صدیوں پرانے نظام کا ذکر فرمایا - تو میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس ملک میں جس وقت جمہوریت کی تحریک چلائی اور ایک آمر حکمران کے خلاف میدان میں نکل آئے تو اس وقت ہمارے حزب اختلاف میں بیٹھے ہوئے حضرات جنہوں نے ابھی واک آؤٹ کیا ہے ان کی زبانیں گنگ تھیں - میرے خیال میں جو حضرات اس بل کی مخالفت کریں یا سرداروں کے حق میں کوئی ایسا قدم اٹھائیں کہ ان کو indirectly support ملے تو ان کو بلوچستان کے مظلوم عوام کے ساتھ کوئی دلچسپی نہیں -

میں نے ۱۹۷۰ء میں جناب ذوالفقار علی بھٹو، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی، کو لاڑکانہ ایک خط لکھا کہ آپ نے، استحصالی نظام کے خلاف جو تحریک شروع کی ہے تو بلوچستان میں تو سرداری نظام کے ذریعے بد ترین استحصال ہو رہا ہے - اس کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے - میرے پاس قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کا مارچ ۷۰ء کا وہ خط موجود ہے جس میں انہوں نے وعدہ فرمایا کہ پیپلز پارٹی کا بلوچستان میں سب سے پہلا قدم اس استحصالی نظام کو ختم کرنے کے لیے ہو گا اور سرداری نظام ختم کر دیا جائے گا اور میں اپنے وزیر اعظم کو اور وزیر قانون کو مبارک دیتا ہوں کہ انہوں نے اس ظالمانہ، جابرانہ اور استحصالی نظام کے خاتمے کے لیے اس سرداری نظام کے خاتمے کا بل پیش کیا ہے - اگر

[Qazi Faizu-l-Haque]

بلوچستان کے حالات پر غور کیا جائے اور جیسے معزز سینیٹر مس آصفہ فاروقی نے فرمایا کہ ایسے ایسے جابر حکمران اور ایسے آمر بھی یہ جرأت نہ کر سکے کہ ان کی طرف دیکھتے اور اس ظالمانہ نظام کو ختم کرتے، یہ صحیح ہے - وہ کیوں کرتے، انہیں عوام سے کوئی دلچسپی نہ تھی - اگر انہیں بلوچستان کے مظلوم عوام کے ساتھ دلچسپی ہوتی تو وہ کرتے - انہوں نے تو وہی طور طریقے اختیار کیے - وہ انہی لائنوں پر چلے - انہوں نے انہی فیوڈل لارڈ کو feed کرنا چاہا جنہیں انگریز دو سو سالوں سے بلوچستان میں استعمال کرتے چلے آئے تھے - ہم وہیں کے رہنے والے ہیں - ہم نے وہاں کے مظلوم عوام کی حالت دیکھی ہے - ہم تاریخ میں پڑھا کرتے تھے کہ stone age کی سزائیں کیسی ہوتی تھیں، لیکن وہی سزائیں آج بیسویں صدی میں بلوچستان میں دی جا رہی تھیں - جنرل ریاض مرحوم کے وقت میں جب وہ گورنر بلوچستان تھے، جب بلوچستان کا صوبہ بنا، اس وقت ایک سردار کی جیل سے جو لوگ بھاگے تھے ان کی حالت ہم نے بچشم خود کوئٹہ میں دیکھی اور ہمارا دل رویا کہ بیسویں صدی میں بھی بلوچستان میں ایسے علاقے اور ایسی پاکٹس موجود ہیں جہاں یہ سزائیں دی جا رہی ہیں -

میں نے ایک شخص کو ہسپتال میں ڈاکٹر کے پاس دیکھا کہ اس کے سر کے ارد گرد زخم تھے اور ان میں پیپ پڑی ہوئی تھی اور اسے septic ہو گیا تھا - اس کا دماغی توازن درست نہ تھا - تو ہم نے اس کے لواحقین سے پوچھا کہ اسے کیا ہوا ہے - انہوں نے بتایا کہ ہم اسے سردار کی جیل سے بھگا کر لائے ہیں - اس کا قصور یہ تھا کہ یہ غریب شخص تھا اور اس کی بیوی بہت خوبصورت تھی یہ واقعہ قومی پریس میں بھی آیا - آپ اس جابرانہ نظام کا ذرا اندازہ لگائیں کہ اگر اپنی قوم کے ایک شخص کی بیوی خوبصورت ہے اور سردار کی نظر اس پر پڑ جائے تو اس کے خاوند کو سزا دی جاتی ہے اور اس کا دماغی توازن خراب کر دیا جاتا ہے تاکہ اس کی بیوی سردار چھین کر لے جائے - جہاں پر کسی کی عزت محفوظ نہ ہو، جہاں پر کسی کی عصمت محفوظ نہ ہو اور جہاں پر اس قسم کی جابرانہ اور سنگدلانہ سزائیں دی جا رہی ہوں - تو عرض یہ ہے کہ اگر ان کے علاقے میں کوئی اسکول کھولنے کی بات کرے تو اس پر فائرنگ کی جاتی ہو - کئی ایسے واقعات ہیں جو ریکارڈ پر ہیں - کہ وہاں اسکول نہ کھولنے دیا گیا اور اگر سڑک بنانے کی بات ہوئی تو سڑک نہ بننے دی گئی کیونکہ انہیں نظر آتا تھا کہ اگر وہ لوگ تعلیم حاصل کر لیں گے تو یہ ان کے حق میں اچھا نہ ہوگا - یہاں تک کہ انہیں دینی تعلیم حاصل کرنے کی بھی اجازت نہ دی گئی - یہ میں صحیح واقعہ سنا رہا ہوں - یہ کوئی لطیفہ نہیں کہ ایک علاقے میں ایک ملاں گیا - یہ علاقہ بھی

بلوچستان میں موجود ہے اور وہاں کے لوگوں کو بھی یہ واقعہ معلوم ہے - تو وہ ملاں ایک سردار کے ہاں جا کر بیٹھ گیا - سردار نہ چاہتا تھا کہ وہاں کے لوگوں کو دینی تعلیم حاصل ہو کیونکہ اگر وہ تعلیم حاصل کر لیں گے تو وہ ظلم اور انصاف کا فرق محسوس کرنے لگیں گے - خدا کو پہچاننے لگیں گے ، رسول ؐ کو پہچاننے لگیں گے ' ان کے احکام کو پہچاننے لگیں گے اور یہ باتیں سردار کے خلاف جاتی تھیں کیونکہ سردار تو خود خدا بنا بیٹھا تھا - تو ملاں سردار کے پاس بیٹھا تھا - اس نے پوچھا کہ تم کون ہو - اس نے بتایا کہ میں ملاں ہوں - سردار نے پوچھا کہ تمھاری qualities کیا ہیں - اس نے کہا کہ میں بانگ دیتا ہوں - تو سردار نے کہا کہ ذرا بانگ دو - تو ملاں بانگ دینے لگا - پھر دوسرا آدمی آیا تو سردار نے کہا کہ دیکھو یہ ملاں آیا ہے اور بانگ دیتا ہے - اس آدمی نے کہا کہ یہ عجیب بات ہے - تو سردار نے کہا اٹھو ملاں ! بانگ دو - تو ملاں نے پھر بانگ دی - سردار نے تیسرے آدمی کو بھی بتایا کہ دیکھو یہ ملاں ہے اور یہ بڑی اچھی اور سریلی بانگ دیتا ہے - تو اس نے پھر کہا بانگ دو اور پھر اس نے بانگ دی - شام تک اس سردار نے اس ملاں کا بیڑہ غرق کر دیا - اس کے بعد آج تک اس علاقے میں ملاں نہیں گیا - میرے اس بیان کا ثبوت یہ ہے کہ جب ایک ہزار آدمیوں نے ہتھیار ڈالے اور وہ پہاڑوں سے اتر کر آئے تو یہ بات اخبارات میں آئی کہ ان میں سے صرف پانچ آدمیوں کو کلمہ پڑھنا آتا تھا تو آپ مظالم کا اندازہ لگائیں کہ سردار انہیں کلمہ بھی نہیں پڑھنے دیتے تھے -

ایک بار ایک آدمی کسی دوسرے کے مویشی لے جا رہا تھا - کہ اس نے کہا کہ میں غریب آدمی ہوں ، میرے مویشی چھوڑ دو تو اس نے نہ چھوڑے - اس نے رسول ؐ کا واسطہ دیا تو اس نے پھر بھی نہ چھوڑے - پھر جب اس نے سردار کا واسطہ دیا تو اس نے کہا کہ بدبخت تو نے کس کا واسطہ دیا ہے - لے جاؤ اپنے مویشی - تو ہم بلوچستان میں اس قسم کے دور سے گزر رہے تھے -

تو عرض یہ ہے کہ قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو نے جو وعدہ کیا تھا اسکو پورا کرنے کے لیے انہوں نے باقاعدہ کام کرنا شروع کیا لیکن جہاں ایک نظام صدیوں سے چل رہا ہو اس کی جگہ ایک دم دوسرا نظام لانا اور وہ بھی بلوچستان جیسے ایک لمبے چوڑے علاقے میں جس کا رقبہ ایک لاکھ چالیس ہزار مربع میل ہے اور جسے قائد اعوام نے فرمایا تھا کہ وہاں صرف ۱۵۰ میل کے علاقے میں قانونی حکومت تھی - تو اس لمبے چوڑے علاقے میں جب تک کوئی متبادل نظام نہ آتا تو اس سے جو خلا اور جو vacuum پیدا ہوتا ، میرے خیال میں یہ خلا بلوچستان کے عوام کو ختم کرکے ہی دم لیتا - جب وہاں نیپ کی حکومت آئی تو اس نے بھی

[Qazi Faiz-ul-Haque]

اپنے منشور میں سرداری نظام کے خاتمے کا ذکر کیا تھا تو جیسے قائد عوام نے فرمایا ہے وہ مخلص نہ تھے - وہ کیسے مخلص ہو سکتے تھے ؟ وہ تو خود اسی نظام کے پلے ہوئے تھے - انہوں نے ریزولیوشن پاس کر دیا لیکن اس کے ساتھ ساتھ دوسری سازش یہ کی گئی کہ یہ شرط بھی لگا دی کہ اس سلسلے میں قانون مرکزی حکومت بنائے - اس وقت پولیس میں تمام لوگ پنجاب کے تھے - انہوں نے سوچا کہ اگر واقعی مرکزی حکومت سرداری نظام کے خاتمے کا قانون بنا دے تو انتظامیہ کو مفلوج کرنے کے لیے انہوں نے پولیس میں سے پنجاب کے لوگوں کی repatriation شروع کر دی تا کہ رہی سہی انتظامیہ بھی collapse ہو جائے اور ان کا مقصد پورا ہو جائے - تو یہ سازش در سازش تھی اور اس صورت حال کے خلاف یہ سارے حزب اختلاف کے حضرات خاموش بیٹھے تھے - صرف پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے بلوچستان سے یہ آواز اٹھ رہی تھی اور یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ ہم نے اس سرداری نظام پر اعتراض کیا اور ہمارے ساتھیوں کو جیل میں دے دیا گیا - ہم نے ان پر اخبارات میں تنقید کی - ہم نے چیئرمین کو رپورٹیں بھیجیں کہ یہ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے - یہ سرداری نظام کو ختم کرنے والے نہیں ہیں یہ یہ مکر و فریب ہے - ہم کو تسلی دی گئی کہ پیپلز پارٹی نے جو عوام کے ساتھ وعدہ کیا ہے یہ انشاء اللہ پوا ہو گا اور سرداری نظام ختم ہو گا - تو سرداری نظام کے ساتھ انہوں نے جب مکرو فریب کھیلا تو عوام اس کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے اور مجبوراً ان کی حکومت کو توڑنا پڑا - اب تو وہ لوگ غدار ثابت ہو چکے ہیں اور یہ بات بالکل صحیح تھی کہ وہ لوگ مخلص نہیں تھے - اب کیونکہ قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو عوام کے دوست تھے - ان کے دل میں عوام کے لیے ہمدردی تھی - اب ان دو باتوں سے اندازہ لگائیں - ہم پر تو گزری ہے -

میں اس معزز ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ گذشتہ دو سو سال انگریز ان لوگوں کی وجہ سے بلوچستان پر کامیابی سے حکمرانی کرتے رہے - فوجی آمروں کی حکومتیں آئیں ، غیر نمائندہ حکومتیں آئیں - انہوں نے ان کو باقائدہ استعمال کیا تھا - اگر قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کے دل میں عوام کا درد نہ ہوتا ، یہ تو بہت بڑا تاریخی ثبوت ہے ، وہ بھی انکو استعمال کرتے اور بہت کم قیمت پر کیونکہ یہ تو سدھائے ہوئے تھے ان پر تو نہیں رکھی جا چکی تھی ان پر تو کام کرنیکی ضرورت ہی نہ تھی وہ انکو بڑی آسانی سے بلوچستان میں استعمال کر سکتے تھے کہ اور کہہ سکتے تھے بالکل امن و امان ہے ، جیسے کہ پہلے رہتا رہا ہے اور مظلوم عوام اسی طرح ظلم کی چکی میں پستے رہتے لیکن میں تو کہتا ہوں کہ یہ ایک تاریخی

کارنامہ ہے جو کہ قائد عوام نے سر انجام دیا ہے - عوام پر ان کا یہ احسان عظیم ہے - واقعی بلوچستان میں سرداری نظام کے خاتمے سے بلوچستان کو صحیح معنوں میں جمہوریت ملی ہے اور ایک منتخبہ حکومت سے انہیں یہ ثمرہ ملا ہے اور عوام دوست حکومت کی کارروائی کا یہ صلہ ملا ہے - ان کا استحصال مدت سے ہوتا رہا ہے - اگر میں بلوچستان کے عوام پر جو مظالم ہوتے رہے ہیں ان کی داستان شروع کروں - تو میرے خیال میں یہ ایک ہفتے میں بھی ختم نہیں ہو گی - یہ ایک بڑا قابل قدر بل ہے اور بلوچستان کی تاریخ میں اس بل کو سنہری حروف میں لکھا جائے گا - اس بل کی کلاز ۴ میں جو انہوں نے یہ فرمایا ہے :

> "Nothing in this Act shall be deemed to prevent the Government from granting to any person such individual service allowance as it may deem fit and requiring such person to discharge such duties and perform such functions as Government may from time to time direct."

اس سے لوگوں کے دلوں میں یہ بات آ رہی ہے کیونکہ سرداری نظام کے خاتمے کے بعد انہی سرداروں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ یہ قانون تو آ رہا ہے ٹھیک ہے لیکن اس میں آپ دیکھ لیں گے کہ ہمارے الاؤنس بدستور جاری رہیں گے یہ بل میں صاف لکھے ہوئے ہیں تو واقعی اس میں یہ ہے تو میں وزیر قانون کی خدمت میں تجویز پیش کروں گا کہ - - -

**جناب چیئرمین :** جب وہ کلاز موو ہو تو اس وقت آپ اس پر بحث کر سکتے ہیں - اس وقت تو آپ جنرل بحث کریں - جب یہ کلاز آپ کے سامنے پیش ہو گی تو جو کچھ آپ کہنا چاہیں اس وقت کہیں -

**قاضی فیض الحق :** تو میں اپنے قائد عوام کو مبارک باد پیش کروں گا اور وزیر قانون کو بھی کہ انہوں نے بلوچستان سے ظلم اور استحصال کو ختم کیا اور جس دن قائد عوام نے ۸ اپریل کو سرداری نظام کے خاتمے کا اعلان کیا میرے خیال میں ہم کو اس دن پر فخر کرنا چاہیے تاکہ آئندہ نسلوں کے سامنے سرخ رو ہو سکیں اور یہ باعث فخر ہے کہ ہم بھی اس تاریخی اعلان کے دن کوئٹہ میں پیپلز پارٹی کے ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے اس میں شامل تھے -

**Mr. Chairman :** If you want this Bill to be passed today, then you will have to be very brief. There is no need to repeat the earlier arguments or suggestions. We have very extensively, intensively and deeply gone into this matter.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, when we look at the short title of the Bill there is something which strikes me the most and that is that "This Act may be called the System of Sardari (Abolition) Act, 1976". So, the emphasis is being placed on the system, because actually it is the system which had correted the society. It is not a new system. It is a very old system, and much has been said about it. As I belong to the district of Jacobabad where Sardari system is prevalent, and there are about 12 to 13 tribes, each of which has a Sardar, I happen to know what actually goes on over there. I know what is going on in my district and the adjoining district of Baluchistan. This is a very revelntionary step, as has been said, and I totally support this Bill. There are one or two suggestion which I will put up when the Bill is taken up clause by clause. Sir, this system when done away with, will not only mean an end to exploitation, but it will also mean economic progres. We will be creating democratic institutions over there which do not, at the persent moment, exist in the Sardari system, we will be creating human values, and we will be creating support for human rights. This is also a demand of the Constitution that every individual is to be treated as equal. Where Sardar and the tribes were concerned, Sardar was, as has been mentioned by Senator Qazi Faizul Haque, treated almost like a demigod. The word of God was not obeyed by the tribesmen but the word of the Sardar was more superior to them than the word of God. They were treated as surfs. Beside that, it is for the last sixteen years that I have been going to Quetta and coming back from there, because I have got my affairs over there, and I know what happens there. Sir, as soon as the winter sets in, we see thousands of those nomad families coming down with torn clothes, with just few bare things, not even with proper garments to wear and without any shoes. In absolutely ragged condition they keep on coming down to the plains to eran their bread and butter. After having spent five to six months in the plains of Sind and Baluchistan, they keep on moving back like nomads to the areas where they have no houses. They live in open fields when they go back, and dwell under those shanty tents. This process has been continuing since the last so many centuries and when the Britishers came, as my friend has pointed out, they found it a very welcome ground. By supporting just one man they could control 50,000 people. By just patronising one man and giving him all the powess that were needed, it was a matter of expendiency for them. It was a must for them, and any foreign power would have done that. If it would not have been the British, it would have been the French or Americans or any other power. They would have done the same, because it is very simple. If you control a few Sardars, yon can control the entire nation. It was a great sickness in Baluchistan, it was a great political ailment in Baluchistan which is being done away with by introducing this Bill. Of course ,while the process of elimination of this Sardari system keeps on continuing, it will take some time, but first of all we need a law to start this process.

So, I think, once we pass this Bill, we are on the path towards the elimination of the system of Sardars. Sir, since so much has been said, therefore, I will not make a very lengthy speech. I will just say that this curse is being done away with and the whole nation should be proud of our Prime Minister and the Chairman of Pakistan People's Party, Mr. Zulfikar All Bhutto. Thank you.

**Mr. Chairman :** Thank you. Would you like to speak, Mr. Tahir Mohammad Khan ?

**Mr. Tahir Mohammad Khan** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : After Mr. Masud Ahmad Khan you will have your turn.

**جناب مسعود احمد خان :** جناب چیئرمین ! خدمات کی ترجمانی بہت دوستوں نے کر دی ہے - مجھے بہت افسوس ہے اس بات کا کہ آج اپوزیشن کے جو یہاں دو ارکان موجود تھے - انہوں نے واک آؤٹ کیا اور آج یہ ثابت کر دیا کہ وہ سامراجیوں کے ایجنٹ ہیں اور ان سرداروں کے بھی ایجنٹ ہیں - وہ یہ نہیں چاہتے کہ یہ نظام جو کہ استحصالی نظام تھا - جس کی غلامی کی زنجیریں اس اہم اعلان کے مطابق جناب وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے ۱۸ اپریل کو کوئٹہ کے ایک عظیم الشان اجتماع میں کیا - جناب یہ بل کیا تھا - کتنی کلازز کا بل ہے - اس بل میں کیا چیز درج تھی جو کہ اپوزیشن نہیں سمجھ سکی تھی - جناب والا ! اس میں اس سردار کی تعریف کی گئی ہے - کہ سردار کس کو کہتے ہیں - سردار اس بل کے تحت اس کو کہتے ہیں کہ جو ان مراعات کو حاصل کرتا تھا جن کا اندراج دفعہ تین میں کیا گیا ہے - دفعہ ۳ میں کیا بات لکھی گئی ہے ؟ یہ بات جناب لکھی گئی ہے کہ وہ شخص جو اپنی عدالت قائم کرتا ہے ، وہ شخص جو اپنی نجی جیل قائم کرتا ہے ، وہ شخص جو ایسی مراعات حاصل کرتا ہے جو کسی قبیلے کے پاس ہوں یا قبیلے کی زمین کو اپنی تحویل میں لے لیتا ہے یا وہ سردار جو کسی سے بیگار لیتا ہے یا وہ سردار جو اپنے اختیارات کو اس طرح سے استعمال کرتا ہے کہ ایک بے گناہ شخص کو ناحق اپنی حراست میں لیتا ہے - جناب یہ چار پانچ ایسے اندراجات ہیں اس کلاز میں جو کہ ایک سردار کو ڈیفائن کرتے ہیں - یہ اتنی سی بات تھی اور اس کے علاوہ یہ ہے کہ جو ان باتوں یا اندرجات کے خلاف عمل کرے گا اس کے لیے سزا مقرر کی گئی ہے زیادہ سے زیادہ سزا تین سال ہے - جرمانہ بھی ہے اور دونوں بھی کی جا سکتی ہیں - تو جناب مجھے سمجھ نہیں آتی کہ غلامی کی زنجیریں جو توڑی گئیں اور ایک نئے دور کا آغاز کیا گیا اس پر انہیں کیا اعتراض ہے - میں تمام باتیں دھرانا نہیں چاہتا - جناب والا ! جیسا کہ مس آصفہ فاروق ، قاضی فیض الحق اور شریف صاحب نے یہاں بیان کیا کہ وہ ایک پارٹی کا منشور ہی نہیں بلکہ عین مذہباً بھی وہ بات غلط تھی خو بات مساوات محمدی کا تصور ہے - وہ باتیں جو کہ اپوزیشن والے کہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلامی نظام آنا چاہیے ، تو جناب یہ اس کی طرف ایک بہت بڑا قدم تھا - مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ وہ یہاں بیٹھ کر کن لوگوں کی نمائندگی کرتے ہیں - مجھے آج اس بات کا بڑا صدمہ ہے کہ یہ وہ نظام ہے جس کا اخبارات میں جس کا ٹیلی ویژن پر جس کا ریڈیو پر بہت تفصیلی ذکر بھی ہوا اور قومی اسمبلی میں

[Mr. Masood Ahmad Khan]

بلکہ جوائنٹ سیشن میں بھی اس کی بات ہوئی - مجھے یہ سمجھ نہیں آئی کہ آج اس کی تیاری کے لیے یہ کیوں ڈھونگ رچایا گیا - تو جناب میں اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور اس میں جو اندراجات ہیں وہ بالکل صحیح ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ کوئی سردار اب ان پسے ہوئے عوام کا کسی قسم کا استحصال نہیں کرے گا میں سمجھتا ہوں کہ جناب وزیر اعظم صاحب اس لیے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جیسا کہ مس آصفہ فاروقی نے کہا کہ انہیں ۸ اپریل کو پاکستان ملا - اور انہوں نے آزادی کا سانس ۸ اپریل کو لیا جیسا کہ ہم نے آزادی کا سانس ۱۴ اگست کو لیا تھا - شکریہ جناب -

**Mr. Chairman :** Thank you. yes, Mr. Tahir Mohammad Khan.

صدیقی صاحب آپ کی باری ان کے بعد آئے گی -

جناب طاہر محمد خان : محترم چیئرمین ! میں بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس بل پر کچھ عرض کرنے کا موقعہ عطا فرمایا ہے - میں اس بل پر کچھ عرض کرنا اپنا اخلاقی فرض سمجھتا ہوں - اس لیے کہ میرا تعلق جس صوبے سے ہے اس صوبے کی سیاست کا بنیادی تقاضہ یہ تھا کہ اس صوبے کو پاکستان کے باقی صوبوں کے برابر لایا جائے - جناب والا ! بہت مدت سے ہم یہ کہتے رہے ہیں کہ انٹیگریشن ہو ملک میں اتحاد کی فضا قائم ہو - ملک میں رہنے والے لوگ آپس میں قریب آ جائیں - پاکستانی ہونے کا جذبہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک جاری و ساری ہو لیکن یہ ممکن نہیں - یہ اس وقت تک ممکن نہیں جب تک کہ سوسائٹی میں ایک قسم کا نظام قائم نہ کیا جائے - جب تک کہ مختلف قسم کی روایات کو ایک قسم کی روایت میں نہ بدلا جائے - جناب والا ! اس ملک میں جہاں پر ہم سماج کے مختلف ادوار سے گذر رہے ہیں کہیں پر پیسٹورل سوسائٹی ہے کہ جہاں پر لوگ گلہ بانی کرتے ہیں - کہیں پر اس سے بھی قدیم سوسائٹی ہے جیسے کہ ہم قبائلی سوسائٹی، قبائلی نظام، سرداری نظام کہتے ہیں کہیں پر جاگیر دارانہ نظام ہے - کہیں پر سرمایہ دارانہ نظام جنم لے رہا ہے - تو جناب والا ! سوسائٹی میں اقتصادی نظام کی وجہ سے معاشرے میں جس دور سے ہم گذر رہے ہیں - اس دور کی وجہ سے اس دور کے رجحانات پیدا ہو گئے ہیں - اب جبکہ کہ ایک صوبے میں جہاں قبائلی نظام ہے اور جہاں پر فرد کی اہمیت نہیں فرد کا اختیار نہیں فرد کو حقوق حاصل نہیں ہیں تو یہ کیسے ممکن ہوگا کہ اس سوسائٹی کو اس علاقے کو ملک کے باقی علاقوں میں کہ جہاں پر انفرادی آزادیاں ہیں - جہاں پر اظہار کی آزادی ہے جہاں پر جمہوریت ہے جہاں پر جمہوری حقوق ہیں جہاں پر عدالت ہے جہاں پر عدالت کے

سامنے برابری کا ایک تصور ہے - ان علاقوں کے برابر آسے لایا جائے - تو میری یہ گذارش ہے کہ انٹیگریشن کے لیے - ملک کو ملک بنانے کے لیے - ملک میں ایک قسم کی سیاسی فضا قائم کرنے کے لیے - ملک مین حب الوطنی کے جذبات پیدا کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں جو مختلف قسم کی سوسائٹیاں ہین اور جو مختلف قسم کے طبقات ہیں - اپنے ایک سماجی دور کیوجہ سے پیدا ہوئے ہیں - ان طبقات کو ایک لیول پر - ایک سطح پر لایا جائے جب تک ان طبقات کو ایک لیول پر نہیں لایا جاتا اس وقت تک انٹیگریشن کا ہونا ممکن نہیں -

جناب والا ! اس سے پہلے آزادی کے بعد سے لے کر ۱۹۷۱-۷۲ء تک ہم کیا کہتے رہے - ہم یہ دعویٰ کرتے رہے اور مختلف قسم کے ادارے بناتے رہے کہ ہم ملک مین انٹیگریشن پیدا کرنا چاہتے ہیں - کہ آبادی میں integration ہوتا کہ سندھی - بلوچ - پٹھان - پنجابی - بنگالی کی تمیز ختم ہو جائے - تاکہ لوگوں مین ایک قسم کی زبان پیدا ہو - لوگ ایک دوسرے سے کمیونیکیشن کر سکیں - لیکن انہوں نے معاشرے کی بنیاد کو بدلنے کی کبھی کوشش نہ کی اور ہمیشہ یہ چاہا کہ اسٹیٹس کو رہے - کیونکہ اگر کبھی معاشرے کو چھیڑیں گے تو کرسی خطرے میں پڑ جاتی ہے لیکن ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے اور وزیر اعظم نے قائد عوام نے اس بیماری کو بنیاد سے جڑ سے پکڑنے کی کوشش کی ہے اور معاشرے میں انٹیگریشن لانے کے لیے انہوں نے سوسائٹی کو نیچے سے بدلنا شروع کیا ہے - تا کہ سوسائٹی نیچے سے بدل جائے اور بالخصوص وہ علاقے کہ جو آج تک مہذب دنیا میں نہین آ سکے جو مہذب دنیا سے باہر ہین جہاں پر تہذیب کی روشنی نہیں جا سکی جہاں پر علم کی شعاعیں نہیں پہنچ سکیں جہاں پر آزادی کی فضا قائم نہین ہو سکی - ان علاقوں کی طرف انہوں نے توجہ کی -

جناب والا ! ان علاقوں کو یہ احساس دلایا ہے اور ان مین یہ احساس پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ ملک تمہارا ہے اور اس ملک کے وسائل پر تمہارا بھی اتنا ہی حق ہے جتنا باقی علاقوں کے لوگوں کا ہے ان میں یہ احساس پیدا کرنے کی کوشش کی ہے کہ اس ملک ین آزادی آئی ہے اور وہ آزادی کسی علاقے کے لیے نہیں ہے وہ آزادی تمام پاکستان کے لیے بلا امتیاز رنگ ، بلا امتیاز جغرافیائی وہ آزادی سب کے لیے ہے تو جناب عالی یہ قانون اس سمت کی طرف اس کی جانب ایک مثبت اور صحت مند قدم ہے اور مجھے یقین ہے کہ اس قانون کے بعد ان علاقوں مین جہاں پر ابھی تک لوگوں کو یہ شعور نہیں تھا کہ ملک آزاد ہو چکا ہے جہاں لوگوں کو یہ شعور نہیں تھا کہ ان کی کوئی قانونی حیثیت ہے ان کے

[Mr. Tahir Mohd. Khan]

کوئی قانونی حقوق بھی ہیں ان کے کوئی دستوری حقوق بھی ہیں اب ان میں یہ شعور پیدا ہو گا اور ان میں یہ شعوو بھی پیدا ہو گا کہ یہ ملک ان کا ہے ان میں یہ شعور بھی پیدا ہو گا کہ اس ملک کی عظمت کے ساتھ ان کو بھی عظمت ملے گی اس ملک کے وقار کے ساتھ اس کا بھی وقار بڑھے گا اور جناب عالی ہم انٹیگریشن کی طرف بڑھ رہے ہیں اور یہ انٹیگریشن کی ایک بڑا قدم اٹھایا گیا ہے اور اس قانون کے ذریعے اب بلوچستان کے وہ علاقے جہاں پر لوگ اب تک جمہوریت سے محروم تھے قانون حقوق سے محروم تھے انصاف سے محروم تھے شہری حقوق سے محروم تھے اب نہ صرف ان لوگوں کو وہ حقوق ملیں گے اس قانون کے ذریعے سے بلکہ ان حقوق کا شعور ملیگا اور اس شعور کے ساتھ بلوچستان بھی باقی پاکستان کے صوبوں کے برابر آئے گا اور انشاء اللہ بلوچستان کے لوگ اس ملک کو با وقار ملک بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے اور میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا ۔

**Mr. Chairman :** Yes, Ghulam Rasul Sahib

**جناب غلام رسول اے صدیقی :** جناب چیئرمین! آج ہم ایک ایسا قانون پاس کر رہے ہیں جو بلوچستان کی تاریخ میں پاکستان کی تاریخ میں اور ذات انسانی کی تاریخ میں ایک اہم قدم ہے ۔ کیونکہ اس وقت تک بلوچستان میں سردار وہاں کے لوگوں کو بھیڑ بکریوں کی طرح چلاتے تھے اور اس میں بڑی سازش تھی اس سازش میں کچھ باہر کی طاقتیں بھی تھیں کیونکہ بلوچستان زیر زمین معدنی ذخائر سے مالا مال ہے اور ان لوگوں کو غلط طور پر استعمال کرنے کے لیے یہ سردار ان کو اپنے اشاروں پر نچاتے تھے اور دولت کمانے کے لئے اور اپنے آپ کو ڈیمی گاڈز کہلانے کے لیے اور وہاں اس نظام کو قائم رکھنے کے لیے ہمیشہ ان لوگوں کو اپنے ہاتھ میں رکھنے کے لیے ان کی آزادی کو سلب کر دیا تھا اور ان لوگوں کو غلط چیزیں بتاتے تھے میں ایک چھوٹی سی بات آپ کو بتاتا ہوں کہ ہمارا ایک بڑا ذمہ دار افسر مجھ سے بات کر رہا تھا اور اس نے بتایا کہ ہم وہاں لوگوں سے بات کر رہے تھے کہ شام کی نماز کا ٹائم آیا اور میں نے نماز پڑھنے کے لیے مسجد ، جانماز یا مصلیٰ کے بارے میں ان سے پوچھا کہ میں نماز کہاں پڑھوں تو اس قبائلی نے کہا کہ کیا تم مسلمان ہو تو ہم لوگوں کو بڑی حیرت ہوئی اور ہم نے اس سے پوچھا کہ آپ نے ہمیں کیا سمجھ رکھا ہے تو اس نے ہمیں بتایا کہ ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ پنجاب اور سندھ میں ہندو لوگ رہتے ہیں مسلمان لوگ نہیں وہاں کوئی مسلمان نہیں ہے مسلمان صرف ادھر آپ لوگ ہیں تو وہ حیران ہوگیا کہ جب نماز کیلئے اور مسجد کے لیے پوچھا وہاں لوگوں کو ورغلایا گیا اور ان لوگوں کو اس حد تک انسانی

حقوق سے محروم رکھا اور اسمیں سازش تھی اور یہ جو واک آؤٹ ہے یہ نشاندھی کرتا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی والے جو ہیں ان سے ہمارے اسلام کو خطرہ ہے اسلام صرف انکی ملکیت ہے اور یہ سمجھتے ہیں کہ جو یہ کہتے ہیں اسلام وہی ہے یہ حقیقتاً ہمارے وہاں کے عوام کو اور ان بیچارے مسلمانوں کو غلط طریقے سے استعمال کر رہے تھے اور اسکی حمایت کچھ طاقتیں بھی سرداری نظام کو قائم رکھنے کے لیے کر رہی تھیں جو ہمیشہ پاکستان کے لیے درد سر رہی ہیں یہ لوگ اور میں نے نیپ والوں سے سنا ہے کہ نیپ والے کہتے ہیں کہ تم پہلے بلوچستان میں تو اپنی حکومت ٹھیک کر کے دکھاؤ کہ تم کیا کرتے ہو اور یہ بے معنی چیز تھی تو ہم کو چیلنج کرتی تھی اور ہمارے بھٹو صاحب نے یہ پیپلز پارٹی بلکہ کو چار چاند لگا دئے ہیں میں تو اپنے چیئرمین اور پرائم منسٹر کو مبارکباد دیتا ہوں اس کے ساتھ ساتھ دونوں پارلیمنٹ کے ایوانوں کے ممبروں کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے اس قانون کو پاس کرکے ان لوگوں کو اب روشنی دکھائی ہے ان کو جیلوں سے باہر لایا گیا ہے اور اب وہ سمجھیں گے کہ ہم بھی انسان ہیں حالانکہ بلوچستان کے لوگ شیر لوگ ہیں مگر ان شیروں کو ان گیدڑوں نے بند کر رکھا تھا کیونکہ ان کو غلط چیزیں بتائی گئی ان کو ان کے اصلی حقوق نہیں بتائے گئے اب ان کو یہ نئی روشنی دکھائی گئی ہے اور جیسے ہی ہمارے قائد نے چھٹی منانے کا اعلان کیا یہ عید کا دن تھا اور حقیقتاً یہ بہت بڑا دن تھا اور اس بل کے بعد آگے جا کر ہمیں اور بھی قانون پاس کرنے پڑیں گے یہ تو وہاں کے عوام کو حقوق دلانے کے لیے پہلا قدم ہے تو اس الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** Thank you very much. Should he be the last speaker or anybody else would like to speak.

**ملک محمد اختر :** جب سب لوگ بول چکیں گے تو میں ایک منٹ بات کرونگا ۔

**Mr. Chairman :** Yes, Mr. Keyani.

**جناب نرگس زمان خان کیانی :** جناب چیئرمین ! جہاں تک اس بل کا تعلق ہے یہ سرداری نظام کے خاتمے کے سلسلے میں زیر غور ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بل بلوچستان کے کسی قصبے کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا کسی تحصیل کے ساتھ تعلق نہیں رکھتا بلکہ خصوصی طور پر اس کا بلوچستان سے بھی تعلق نہیں ہے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو اس کے نتائج سرحد میں بھی نکلیں گے سندھ میں بھی نکلیں گے اور پنجاب پر بھی حاوی ہوں گے اس میں کوئی شک نہیں کہ بلوچستان میں جیلیں تھیں غاصبانہ قسم کے لوگ موجود تھے اور سامراجی ذہنیت کے مالک لوگ

[Mr. Nargis Zaman Khan Keyani]

وہاں موجود تھے اور اگر غور سے دیکھا جائے تو پنجاب بھی اس سے فارغ نہیں ہے سرحد بھی اس سے فارغ نہیں ہے اور سندھ بھی اس سے فارغ نہیں ہم اس لحاظ سے اس بل کو سپورٹ کرتے ہیں کہ پارٹی کے منشور میں یہ تھا اور مساوات محمدی کا نعرہ تھا اور جس وقت پارٹی بر سر اقتدار نہیں آئی تھی اس وقت ہمارے پرائم منسٹر صاحب اور ہمارے دیگر دوستوں نے ہر مقام پر جا کر عوام کے سامنے یہ وعدے کیے تھے اور اس قسم کی تقریریں کی تھیں کہ جب ہم آپ کے تعاون سے بر سر اقتدار آئیں گے تو آپ کی خدمت اس شکل میں کریں گے اور جہاں تک عوامی حکومت کا تعلق ہے ہم جو بھی اصلاحات کر رہے ہیں وہ عوام کی خاطر کر رہے ہیں اور اپنے ان وعدوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کر رہے ہیں اور اس سلسلے میں ہمارا کسی قسم کا کوئی بھی ایسا اقدام جو حقیقت پر مبنی ہو اس کو اپوزیشن قبول کرے یا نہ کرے میں ان دوستوں سے گذارش کروں گا کہ ان کے متعلق محسوس کرنا ختم کر دیں کیونکہ ہم ان کی باتیں سننے کے عادی ہو چکے ہیں اس لیے ہم ان کی باتوں کو کیوں محسوس کریں کیوں گلہ کریں ان کا اپنا کام ہے اور ہم نے اپنا کام کرنا ہے انہوں نے عوام کی خدمت نہیں کرنی ہے کیونکہ وہ انکار کر بیٹھے ہیں اور ہم انشاء اللہ عوام کی خدمت کریں گے اور کرتے رہیں گے اور کرتے کرتے یہ کوشش کریں گے کہ جان سے بھی فارغ ہو جائیں تو جناب چیئرمین ! جہاں تک بلوچستان کے ان مظلوم عوام کا تعلق ہے جن کو آج تک بھی وہاں انسان کی حیثیت سے نہ سمجھا جاتا ہے اور نہ انسان کی حیثیت سے تصور کیا جاتا ہے - قانون قدرت کے مطابق دیر ضرور ہوتی ہے لیکن اس میں اندھیر نہیں ہوا کرتا - جناب والا ! ہر سردار کا ذہن سامراج کا ذہن تھا لیکن ان لوگوں نے ایک مدبر کی حیثیت میں ، ایک بہادر سپاہی کی حیثیت میں اور ایک مجاہد کی حیثیت میں اپنے اپنے مقام پر رہتے ہوئے معصوم بچوں کو قربان کیا ' اپنی مستورات کو قربان کیا اور اس وقت تک ڈٹ کر مقابلہ کیا اور انشاء اللہ وہ نسلیں آئندہ کے لیے بھی ہر میدان میں ظالموں کے خلاف اپنے سروں پر کفن باندھ کر نکلیں گے اور اپنے مقام کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے اور جہاں تک ہمارا تعلق ہے ہم اس کے بعد اگر کوئی اور بھی اصلاحات ہوئیں تو وہ اصلاحات کریں گے - جناب والا ! ہم انشاء اللہ ہر وقت ملک و قوم کے لیے اور مظلوم عوام کے لیے اپنی قربانی دینے کے لیے تیار ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اور اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** Thank you. Yes, would you like to wind up ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I only want to explain Clause No. 4 which is a saving clause.

**Mr. Chairman :** We are coming to that later.

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I can finish it in a minute. I do not think we will debate on the clause itself.

**Mr. Chairman :** All right, all right.

**Malik Mohammad Akhtar :** Nothing in this Act shall be deemed to prevent the Government from granting to any person such individual service allowance.

یہ سردادی نظام دوبارہ رائج نہیں ہو گا - وہ تو ایسے ہوا ہے کہ کسی کو لیوی کی ذمہ داری دی جائے گی لیکن وہ سردار تو نہیں ہوگا - کوئی اور فرد ہو گا اور اس سے خلاء کے باعث یہ کام لیا جائے گا - پھر بھی میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی کام لینا ضروری ہو گا تو کسی سے وہ خدمت لی جائے گی لیکن وہ سرداری نظام ہرگز نہ ہوگا - یعنی قانونی طور پر کسی سے کوئی کام لے کر اسے اس کا معاوضہ دیا جائے گا -

**Mr. Chairman :** Yes, thank you. So, I will put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto, namely, The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976, as passed by the National Assembly, be taken into consideration."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The motion is carried.

Now, we move on to second reading, clause by clause consideration of the Bill.

Now, I put Clause 2.

The question before the House is :

> "That Clause 2 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** Clause 2 forms part of the Bill.

[Mr. Chairman]

Now, Clause 3.

The question before the House is :

"That Clause 3 forms part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 3 forms part of the Bill.

Now, I do not think there is any amendment to Clauses 4, 5 and 6.

**Mr. Tahir Mohammad Khan** : There is an amendment, but the mover is not present.

**Mr. Chairman** : All right, then I will put separately.

Now, the next question before the House is :

"That Clause 4 also forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 4 forms part of the Bill. Clause 5 relates to penalty.

The question before the House is :

"That Clause 5 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 5 forms part of the Bill. Clause 6 is with regard to repeal.

The question before the House is :

"That Clause 6 forms part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 6 forms part of the Bill.

The question before the House is :

"That Preamble, Title and Clause 1 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman**: The Preamble, Title and Clause 1 form part of the Bill.

Yes, now.

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, I beg to move :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], pe bassed."

**Mr. Chairman** : The motion made is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], be passed."

**Voices** : Not opposed, Sir.

**Mr. Chairman** : Mr. Khoso would you like to say something ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : Are you going to oppose it ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : No, Sir, I am not opposing it. A slight clarification, Sir.

**Mr. Chairman** : Clarification ?

## POINT OF ORDER *re* : MEMBERS RIGHT TO SPEAK IN THE THIRD READING

**Mr. Tahir Mohammad Khan** : Sir, if he does not oppose, he cannot speak in the third reading. If he does not oppose the Bill, Sir, then he has no right to speak on the Bill.

**Mr. Chairman** : Can he not support it even ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I can support it, Sir.

**Mr. Tahir Mohammad Khan** : Not in the third reading, if it is not opposed. If he does not oppose, then you will put it in the form of a question, Sir.

**Mr. Chairman** : You see, if it is not opposed, either he has to oppose or to keep quiet.

**Mr. Tahir Mohammad Khan** : No, Sir, then there will be no debate, nobody will be speaking on that, Sir.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Sir, if I support it ?

**Mr. Chairman** : No, no, I want to understand it myself, you see Well, if he opposes, he can oppose, but suppose he does not oppose, he wants to get up and rise and say something in support of the Bill, the third reading stage can't be allowed to support the Bill?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar :** No, no, Sir.

**Mr. Chairman :** Let me look up.

جناب احمد وحید اختر : جناب والا ! جہاں تک مجھے یاد ہے اس میں غالباً جو رولز کی بات ہے وہ میں عرض کرتا ہوں -

**Mr. Chairman :** No, no, I want to know, you see, so far as the opposition is concerned, I can say that he can oppose, he can do. Now, Suppose he does not want to oppose the Bill and wants to make some remarks in support of the Bill ?

جناب احمد وحید اختر : جناب والا ! وہ اپوز ہو گا تو اس کے بعد سپورٹ کے لیے ڈیبیٹ ہو گی -

**Mr. Chairman :** No, no, I say if he does not oppose, but supports ?

جناب احمد وحید اختر : جناب والا! سپورٹ کی پراویژن تو تھرڈ ریڈنگ میں نہیں ہے ، بلکہ فرسٹ ریڈنگ میں ہے -

جناب چیئرمین : جیسا کہ فرسٹ کنسیڈریشن موشن میں ہوتا ہے ، اس میں سپورٹ ہو سکتی ہے یا نہیں ہو سکتی ؟

جناب احمد وحید اختر : جناب والا ! فرسٹ میں ہو سکتی ہے -

**Mr. Chairman :** When the motion of consideration is moved somebody can support it.

جناب طاہر محمد خان : نہیں جناب ! اگر آپ موشن آف کنسیڈریشن پٹ کرتے ہیں اور اس کو کوئی اپوز نہیں کرتا تو immediately سوال پٹ کریں گے - اگر کوئی اپوز کرتا ہے تو پھر ڈیبیٹ ہو گی -

**Mr. Chairman :** That is quite right.

جناب طاہر محمد خان : جناب ! اگر آپ نے موشن پٹ کر دیا ہے تو -

same is the case of the third reading if it is not opposed.

**Mr. Chairman :** He did not want to oppose. He wanted to say something. Can I allow him ?

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** Why not, Sir ? But generally

جناب ! چیئر تو سب کچھ کر سکتی ہے -

**Mr. Chairman :** What is your point, Mr. Khoso ? Do you want to oppose or do you want to support the Bill ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I wanted to support, Sir. There are certain things which came in the second reading, and now in the third reading, I want certain clarification.

**Mr. Chairman :** Clarifications ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Certain doubts that I have in my mind, I want to present those.

**Mr. Chairman :** That clarification must relate to some clause.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir, certain clause.

**Mr Chairman :** But when the clauses were put to the House at that time the procedure for you would have been to say something. You could say at that time that you wented clarification of certain things of that particular clause. That would have been more appropriate.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir, that would have been more appropriate.

**Mr. Chairman :** Because all the clauses are put to the House one by one, and your clarification must refer to some particular clause, as you do not want clarification with regard to the whole Bill, so naturally it must relate to certain particular clause and, therefore, when the clause is being put to the House, at that time it would have been more appropriate for you to rise and ask the Law Minister to clarify certain things in that clause.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** I do not mind, you can do it now.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** With regard to the very purpose and intent of the Bill, Sir, that I want to say a few words if I am allowed.

**Mr. Chairman :** In support ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Yes, Sir, in support.

**Mr. Chairman :** But whether you can speak in support of the Bill is a debatable point, although I have not satisfied myself, because it has never happened before.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** I would like to be enlightened on this point, Sir, that I cannot support the Bill in the third reading and cannot speak on the Bill without opposing it. I would like to be enlightened as regards the rules are concerned.

**Mr. Chairman :** Do you insist that you have the right to support ?

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, unless I am.

**Mr. Chairman :** You have taken contradictory position. On the one hand you are rising with a view to asking the Law Minister to clarify certain points and then you say, no, I want to support the Bill.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir, clarification with regard to the intent and purposes of certain things which have come up.

**Mr. Chairman** : Do you want to clarify or do you seek clarification from the Law Minister ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I would even personally clarify certain things, Sir.

**Mr. Chairman** : You want to clarify ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : While supporting the Bill ?

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir, while supporting the Bill.

**Mr. Chairman** : All right, let me see, yes, 98.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : My attention has been invited to rule 98. Will you, Mr. Tahir Mohammad Khan, have the rule before you, 98 ? I am just reading the rule : "The discussion on a motion that the Bill be passed"—as in the present case—"shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill." Now, we are considering the motion 'that the Bill be passed'. The discussion on the motion 'that the Bill be passed' shall be confined to the submission of arguments either in support of the Bill or for the rejection of the Bill. "In making a speech a member shall not refer to the details of the Bill." Now according to this rule 98, he has the right to support. Now, you, Mr. Waheed Akhtar, look up rule 98. Have you listened to what I have said ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar** : Yes, Sir.

**Mr. Chairman** : It means that when the motion "that the Bill be passed" is moved, the discussion is permissible. When a motion is moved 'that the Bill be passed' as in the present case it has been done. The Law Minister has moved that the Bill be passed. Now, what is the procedure subsequent to it ? When the motion is made, what is to be done ? It follows "The discussion on the motion that the Bill be passed", which means that the discussion is permissible. The motion 'that the Bill be passed' can be followed by discussion. You can't gag the Member and say 'No', or that either you oppose or do not speak at all. There will be necessarily a discussion. The discussion on the motion 'that the Bill be passed' shall be confined to the submission of the arguments either in support of the Bill or against it. So, what is there in this rule to prevent Mr. Khoso from supporting it ?

**جناب احمد وحید اختر** : جناب چیئرمین ! میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے اس ایوان میں گذشتہ تین سالوں میں ایک روایت بنی ہے -

**Mr. Chairman :** I quite understand your point. Tradition is one thing and the rigidity, requirement, the needs of a rule and legal provision is quite a different thing. We never, you see, entered into discussion, and what are the traditions, we all know. The question was that he was on his legs, and wanted to say something. Tahir Mohammad Khan raised the objection 'No', either he should oppose or he cannot even speak in support of it. So, naturally this situation has arisen for the first time, and personally I feel guilty that I never knew about it, but all the time I had been feeling, and then my attention was drawn to rule 98 which is quite clear on this point. But it was my feeling that a Member cannot be prevented from supporting the Bill, for otherwise he cannot participate even in the debate. So, my feeling was that probably he might be allowed to support. My attention has been drawn to rule 98. Rule 98 is clear. If a Mamber pushed down his feet and say "I must exercise my right of supporting the Bill—"supposing a Member rises and he says, "Well, I have a right to speak without opposing the Bill and I want to support the Bill with my own arguments," then how can I prevent him from doing that ? Mr. Tahir Mohammad Khan, what is your reaction ?

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** I am convinced that he has a right to speak.

**Mr. Chairman :** You agree with me. Well, there was some misunderstanding, that is why for the first time such a situation has arisen—for the first time during the last three and a half years. It was never done before. Actually I did not know about this rule. I say, I confess, I plead guilty that I was unaware of this rule. It was only my feeling that how can I prevent a Member from supporting the Bill. But now this rule 98 is quite clear that discussion can follow a motion 'that the Bill be passed', and a Member can either oppose or support it. He can advance any arguments but so far as the traditions are concerned...

**جناب احمد وحید اختر :** جناب چیئرمین ! اسی لیے میں نے رول پر انحصار نہیں کیا - بلکہ روایت کا سہارا لیا ہے کہ تین سال تک یہاں یہ روایت رہی ہے کہ جب تک یہ اپوز نہیں ہوا اس پر بحث نہیں ہوتی رہی -

**Mr. Chairman :** Supposing there is a clash, conflict between traditions and clear cut rule ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar :** So, the rule will prevail.

**Mr. Chairman :** Oh, Yes, the rule will prevail. Yes, Mr. Khoso you have got the right, it is your fundamental right and that has been conceded to you, but I do not think you will take very long time, although the right has been conceded to you.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** No, Sir, I will not take very long.

**Mr. Tahir Mohammad Khan :** If this is the legal position that every Member can speak in the third reading even without opposing the Bill, then it is the right of every Member, and every Member can speak in the third reading.

**Mr. Chairman** : Yes, every Member, but I do not think any Member would be advancing, personally I feel, any arguments which are new. It will be simply repetition of the arguments which have already been made. I cannot conceive of any arguments which have already been left out.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Mr. Chairman Sir, actualy this whole House has been enlightened......

**Mr. Chairman** : You have won.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I made the point, and you gave the ruling, but, of course, after this rule 89 was presented. Since we have not followed the rules for the last three and a half years, therefore, it will be a good beginning to catch up the things.

**Mr. Chairman** : I think, best of our ability was to try to follow the rules but there has been inadvertent breach.

## THE SYSTEM OF SARDARI (ABOLITION) BILL, 1977

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Yes, Sir, it was through inadvertence. To start with, I support the Bill. There is no doubt or misunderstanding, as I support the Bill *in toto*. But, Sir, there are one or two things which I would like to suggest. One thing is that we are so allergic to this form of exploitation. Within the State there was no administration. I will talk about new things and not old things as it will be repetition. This sort of thing has hampered economic progress, social progress, hospitals, roads, schools, other social and economic facilities. I would like that certain concrete measure may be taken. Sir, while supporting the Bill in the first reading, I had mentioned for the rehabilitation of thousands of nomads, tattered families with torn clothes, bare feet. They keep on coming with their children. In the winter they come here in the plain and then go back. I would like that certain concrete measures be taken if the system is to be finished practically. Then, there should be concrete measures to rehabilitate these persons to do something for their houses, to do something for their jobs, there should be concrete measures for their rehabilitation. Then, another thing which I would like to mention, though it is not here in the Bill, is that supposing a Sardar writes on his letter pad or he presents himself as Sardar, there is nothing against that to prevent him. Suppose I address somebody as Sardar, there is nothing to prevent me. Do I come under that definition that penal action will be taken against me ?

**Mr. Chairman** : Khoso Sahib, there are people whose names are Sardar Khan or Sardar Bahadur.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Not Sardar Khan, but actual Sardar.

**Mr. Chairman** : Sardar Bahadur Khan.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : I mean actual Sardar.

**Mr. Chairman** : No, no, the word 'Sardar' is not objectionable, it is the Sardari system and not the Sardar.

**Mr. Afzal Khan Khoso** : Can he proclaim himself to be a Sardar.

**Mr. Chairman :** This is the discussion of academic interest only.

**Mr. Afzal Khan Khoso :** Sir, I would like to confine myself to rehabilitation of these persons in order to wipe out the traces of Sardari System. Thank you.

**Mr. Chairman :** It is Sardari System which is being done away with. Sardar is one thing and Sardari System is another thing. You know some people are Sardar Bahadur, Sardar Abdul Aleem Khan Raja Sardar. They have preface to their names.

Raja, Maulana, Khan, Sardar, these names, as a matter of fact, do not denotes the system. It is that particular word "Sardar" which denotes the Sardari system and which we have prohibited in this Bill.

+[***********]

**Mr. Chairman :** Please move the motion.

**Malik Mohammad Akhtar :** I moved the motion, and then it was being debated upon.

**Mr. Chairman :** Then, I will put the question.

The question is :

> "That the Bill to provide for the abolition of the system of Sardari and for matters ancillary thereto [The System of Sardari (Abolition) Bill, 1976], be passed."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The Bill stands passed unanimously.

There is no other business to be transacted. Tomorrow is Friday and, therefore, we will meet in the morning. The House is adjourned to meet again tomorrow at 9.30 a.m.

---

[*The House then adjourned to meet again at half-past nine of the clock in the morning on Friday, May 14, 1976.*]

---

+[****] Expunged as ordered by the Chairman.